**Fazil / TSF**

**11-12-2025**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں نیتیکا تیاگی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے لوک سبھا میں، یہ بات دوہرائی ہے کہ درندازوں کو ملک میں سیاسی قیادت طے کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

2- صدر جمہوریہ درروپدی مرمو آج سے منی پور کے دو دن کے دورے پر رہیں گی۔

3- DGCA نے IndiGo کی پروازیں بڑے پیمانے پر منسوخ کیے جانے اور تاخیر ہونے کے تناظر میں گروگرام میں اُس کے کارپوریٹ دفتر میں ایک مخصوص نگرانی ٹیم متعین کی ہے۔

4- بھارت اور ملیشیاء نے دہشت گردی اور ایک دوسرے کے ملک میں جرائم کے خلاف اشتراک کو مستحکم بنانے کے اپنے عہد کو دوہرایا ہے۔

5- امریکہ نے H-1B ویزا درخواست گزاروں کیلئے آن لائن موجودگی کی جانچ کا دائرہ بڑھا دیا ہے۔

6- امریکہ کے فیڈرل ریزرو نے اپنی شرح سود میں ایک چوتھائی فیصد کی کٹوتی کی ہے۔

7- اور مردوں کی کرکٹ میں، بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان دوسرا ٹی ٹوئنٹی میچ آج شام نیو چنڈی گڑھ میں کھیلا جائے گا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Amit Shah SIR

لوک سبھا میں کل انتخابی اصلاحات اور ووٹر فہرستوں پر خصوصی تفصیلی نظرثانی SIR کے معاملے پر زوردار بحث ہوئی۔ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے اپوزیشن کو سخت تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے اُن پر اپنے ووٹ بینک کی خاطر غیر قانونی تارکین وطن کو تحفظ فراہم کرنے کا الزام لگایا۔ انہوں نے کہا کہ دارانداز یہ طے نہیں کر سکتے کہ ملک میں وزیر اعظم یا وزیر اعلیٰ کون

ہوگا۔

جناب امت شاہ نے زور دے کر کہا کہ **SIR** کا مقصد **Duplicate** ناموں اور غیر قانونی تارکین وطن کا نام ہٹا کر ووٹر فہرستوں کو درست کرنا ہے۔

انہوں نے یہ بھی کہا کہ ہو سکتا ہے کسی حقیقی غلطی کی وجہ سے ایک شخص کا نام کئی جگہوں پر ہو، لیکن اگر یہ سلسلہ اسی طرح جاری رہتا ہے تو اس سے انتخابات کی ساکھ پر اثر پڑے گا۔

**S/B - Amit Shah SI**

وسیع تر مضمرات کو اُجاگر کرتے ہوئے جناب امت شاہ نے یہ تنبیہ کی کہ آبادی کے تناسب میں جوڑتوڑ کے ذریعے ملک کو ایک بار پھر بانٹنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ انہوں نے بنگلہ دیش سے متصل 2 ہزار 216 کلو میٹر طویل سرحد پر دراندازی کا سلسلہ جاری رہنے کو اُجاگر کیا اور ترنمول کانگریس اور کانگریس جیسی پارٹیوں پر الزام لگایا کہ وہ دراندازوں کا تحفظ کرنے کی سیاست کر رہی ہیں۔ساتھ ہی انہوں نے یہ بھی کہا کہ چناؤ کے وقت یہ پارٹیاں رائے دہندگان کے سامنے جوابدہ ہوں گی۔ ×

Parliament Business

راجیہ سبھا میں قومی گیت وندے ماترم کے 150 سال مکمل ہونے کے تعلق سے آج آگے بحث ہوگی۔ مرکزی وزیر اور ایوان کے لیڈر جے پی نڈّا کے خطاب کے ساتھ یہ بحث اختتام پذیر ہو جائے گی۔ اس کے بعد راجیہ سبھا میں انتخابی اصلاحات پر بحث شروع ہوگی۔×

BJP PM Modi

**BJP** نے وزیر اعظم نریندر مودی کے غیر ملکی دورے کے سلسلے میں کانگریس کی رائے زنی پر اُس کی نکتہ چینی کی ہے۔ نئی دلّی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے **BJP** کے ترجمان سُدھانشو ترویدی نے اس رائے زنی کو قابلِ مذمت قرار دیتے ہوئے کہا کہ جناب مودی سرکاری دوروں اور ملک کے مفاد کیلئے بیرونِ ملک جاتے ہیں۔

انہوں نے دعویٰ کیا کہ کانگریس کے لیڈر اور لوک سبھا میں اپوزیشن کے رہنما، راہل گاندھی پارلیمنٹ کے ہر اجلاس کے بعد چھٹّی منانے ملک سے باہر چلے جاتے ہیں۔

**S/B - 0815 Sudhanshu**

Rev. Presidential Manipur

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، منی پور کے 2 روزہ دورے پر آج اِمپھال پہنچ رہی ہیں۔ ریاست کے اپنے دورے کے دوران، وہ متعدد تقریبات اور ترقیاتی پروگراموں میں شرکت کریں گی۔ صدر جمہوریہ دو پہر اِمپھال پہنچیں گی، جہاں انہیں روایتی گارڈ آف آنر پیش کیا جائے گا۔ اِس کے بعد، وہ تاریخی **Mapal Kangjeibung** جائیں گی اور ایک پولو نمائش میچ دیکھیں گی، جس کا انعقاد ریاست میں کھیلوں کی مالامال وراثت کا جشن منانے کیلئے کیا جارہا ہے۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ

جدید پولو گیم کا آغاز منی پور سے ہوا ہے۔ بعد ازاں شام کو صدر جمہوریہ ایک شہری استقبالیہ میں شرکت کریں گی، جس کا اہتمام منی پور حکومت نے اِمپھال کے سٹی کنوینشن سینٹر میں کیا ہے۔ توقع ہے کہ وہ بہت سے اہم ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھیں گی اور افتتاح کریں گی، جس سے حکومت کی طرف سے علاقائی ترقی پر مسلسل توجہ دیے جانے کا اشارہ ملتا ہے۔×

DGCA Indigo

شہری ہوابازی کے ڈائریکٹوریٹ جنرل **DGCA** نے **IndiGo** کی پروازیں بڑے پیمانے پر منسوخ کیے جانے اور تاخیر ہونے کے تناظر میں گروگرام میں اُس کے کارپوریٹ دفتر میں ایک مخصوص نگرانی ٹیم متعین کی ہے۔ **DGCA** نے اعلان کیا ہے کہ اس اقدام کا مقصد پروازیں منسوخ کیے جانے اور تاخیر ہونے سے پیدا ہونے والی مسافروں کی پریشانی کو دور کرنا ہے۔ ڈپٹی چیف فلائٹ آپریشنز انسپکٹر، کیپٹن وِکرم شرما کی سربراہی میں آٹھ ارکان پر مشتمل ٹیم اہم شعبوں کی نگرانی کرے گی۔ دو ارکان روزانہ کی بنیاد پر باری-باری ایئر لائنز کے دفتر میں موجود رہیں گے۔ مختلف پہلوؤں میں ہوائی جہازوں کے بیڑے کی تعداد، عملے کی دستیابی، اچانک چھٹّی پر چلے جانے اور **Cockpit** اور **Cabin Staff** دونوں کیلئے متبادل اہلکاروں کا معاملہ شامل ہے۔×

Vaishnaw - Railways

بھارتی ریلویز نے مالی سال **2023-24** کے دوران **60** ہزار کروڑ روپے سے زیادہ سبسڈی کے طور پر فراہم کیے، تاکہ مسافر، کم خرچ میں سفر کرسکیں۔ لوک سبھا میں ضمنی سوال کا جواب دیتے ہوئے ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ مسافروں کو دی گئی سبسڈی، مسافروں کے سفر کی مجموعی لاگت کا **45** فیصد ہے۔

وزیر موصوف نے اس بات کو اُجاگر کیا کہ بھارتی ریلویز کے کرائے، دنیا میں سب سے کم کرایوں میں شامل ہیں۔ جناب اشونی ویشنو نے کہا کہ ہمسایہ ملکوں کے مقابلے بھارت میں مسافروں کو سب سے کم خرچ ٹرانسپورٹیشن فراہم کیا جا رہا ہے۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

INDIA - Malaysia Joint Meeting

بھارت اور ملیشیا نے دہشت گردی اور ایک دوسرے کے ملک میں جرائم کے خلاف تعاون و اشتراک کو مضبوط کرنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔

ایک مشترکہ بیان میں، خارجی امور کی وزارت نے بتایا کہ نئی دلّی میں ہونے والی انسدادِ دہشت گردی اور ایک دوسرے کے ملک میں جرائم سے نمٹنے سے متعلق بھارت-ملیشیا مشترکہ ورکنگ گروپ کی تیسری میٹنگ میں، طرفین نے دہشت

گردی کے علاقائی اور عالمی منظرنامے پر تبادلۂ خیال کیا۔
بھارت کی خارجی امور کی وزارت میں انسدادِ دہشت گردی کے جوائنٹ سکریٹری وِنود **Bahade** اور ملیشیا کی داخلی امور کی وزارت میں انڈر سکریٹری محمد **Azlan** بن **Razali** نے مشترکہ طور سے اِس میٹنگ کی صدارت کی۔
طرفین نے دہشت گردی کی ہر صورت کی مذمت کی اور جامع طریقے سے دہشت گردی سے نمٹنے کیلئے بین الاقوامی تعاون و اشتراک کو مضبوط کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔×

PM - Italy DPM

وزیر اعظم نریندر مودی نے کل نئی دلّی میں اٹلی کے نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ **Antonio Tajani** سے ملاقات کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ بھارت اور اٹلی کے دوستانہ تعلقات مسلسل مضبوط ہوتے جا رہے ہیں، جس سے ہمارے عوام اور عالمی برادری کو بڑا فائدہ پہنچ رہا ہے۔
جناب مودی نے بتایا کہ انہوں نے تجارت، سرمایہ کاری، تحقیق، اختراع، دفاع، خلا، کنیکٹی وِٹی، انسدادِ دہشت گردی، تعلیم اور عوام سے عوام کے درمیان تعلقات جیسے کلیدی شعبوں میں بھارت-اٹلی مشترکہ اسٹریٹیجک کارروائی منصوبہ **2025-2029** کے نفاذ کیلئے طرفین کی جانب سے کیے گئے فعال اقدامات کیلئے بھی ستائش کا اظہار کیا۔×

US Visa

امریکہ نے سبھی **H-1B** خصوصی پیشہ ورانہ کارکنوں اور اُن کے **H-4** زیر کفالت افراد سمیت سوشل میڈیا اور آن لائن موجودگی کے اپنے جائزے کا دائرہ بڑھا دیا ہے۔ بھارت میں امریکی سفارتخانے نے یہ جانکاری دی ہے۔ ٹرمپ انتظامیہ نے حال ہی میں سبھی **H-1B** اور **H-4** درخواست گزاروں کیلئے سوشل میڈیا اسکریننگ کو لازمی بنانے کے فیصلے کا اعلان کیا تھا، جس سے ہزاروں کارکنوں اور اُن کے ارکانِ خاندان کیلئے پھر سے غیر یقینی کی کیفیت پیدا ہو گئی تھی۔ ×

US Fed. Cut Key Rate

امریکہ کے فیڈرل ریزرو نے اپنی شرح سود میں ایک چوتھائی فیصد کی کٹوتی کی ہے۔ اس طرح فیڈرل فنڈز کی شرح **2022** کے اوائل کے بعد سے سب سے نچلی سطح پر آ گئی ہے۔ نئی شرح اب کم ہو کر ساڑھے تین سے پونے چار فیصد ہو گئی ہے، جبکہ پہلے یہ پونے چار سے چار فیصد کے درمیان تھی۔
ستمبر کے بعد سے فیڈرل ریزرو نے لگاتار تیسری مرتبہ شرح میں کٹوتی کی ہے۔ اس طرح اس سال اب تک صفر اعشاریہ سات-پانچ فیصد کی کٹوتی ہو چکی ہے۔×

ADB - India Growth

ایشیائی ترقیاتی بینک نے مالی سال **2025-26** کے دوران بھارت کی شرح ترقی کے تخمینے میں اضافہ کرتے ہوئے اس کے **7** اعشاریہ **2** فیصد رہنے کا اندازہ لگایا ہے، جبکہ پہلے اس کے ساڑھے چھ فیصد رہنے کی بات کہی گئی تھی۔ ایشیائی

ترقیاتی بینک کی ایشیاء اور بحرالکاہل سے متعلق ترقی کے منظرنامے کی رپورٹ میں یہ بات کہی گئی ہے۔
تاہم مذکورہ بینک نے مالی سال 2026-27 کے دوران شرح ترقی ساڑھے چھ فیصد رہنے کے تخمینے میں کوئی تبدیلی نہیں کی ہے۔×

BSF RK Wadhwa

آج مہاویر چکر ایوارڈ حاصل کرنے والے BSF کے اسسٹنٹ Commandant رام کرشن وادھوا اور اُن کے آٹھ کامریڈس کی دلیری اور اُن کی عظیم قربانی کیلئے خراجِ عقیدت پیش کیا جا رہا ہے۔ 1971 کی جنگ کے دوران اُن کی بہادری اور دلیری کی بدولت پنجاب میں فیروزپور کے Mandot سیکٹر میں Raja Mohatam چوکی کو دشمن سے چھین لیا گیا تھا۔ آٹھ میں سے دو کامریڈس کو سینا میڈل، جبکہ دیگر کو شجاعت کے میڈل سے بعد از مرگ سرفراز کیا گیا تھا۔
BSF یہ دن Raja Mohatam ڈے کے طور پر مناتی ہے۔ 1971 کی جنگ کے دوران شہید ہونے والے BSF کے سپاہیوں کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کیلئے Raja Mohatam سرحدی چوکی پر ایک خصوصی تقریب کا اہتمام کیا گیا ہے۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**V/C - Rajesh Bali**

## اسسٹنٹ کمانڈینٹ آر کے وادھوا نے 1963 سے 1967 تک بھارتی فوج کی آرٹیلری رجیمنٹ میں اپنی خدمات انجام دیں اور 1968 میں انہوں نے سرحدی سکیورٹی فورس، BSF میں شمولیت اختیار کی۔ 3 دسمبر 1971 کو Raja Mohatam چوکی پر دشمن کا قبضہ ہوگیا تھا۔ 5 دسمبر کو اسسٹنٹ کمانڈینٹ وادھوا کو، جو کہ کمپنی کمانڈر تھے، چوکی پر دوبارہ قبضے کی ذمہ داری دی گئی۔ وقت اور وسائل کی کمی کے باوجود بہادر افسر نے اپنی ٹیم کا

حوصلہ بڑھایا اور 6 اور 7 دسمبر 1971 کی درمیانی شب کو حملہ کردیا۔ 3 گھنٹے کی شدید لڑائی کے بعد، 7 دسمبر کو پاکستانی فوجیوں سے چوکی دوبارہ حاصل کرلی۔ بعد میں، دشمن کی جوابی کارروائی کے دوران، 11 دسمبر کو اسسٹنٹ کمانڈینٹ وادھوا چوکی کا دفاع کرتے ہوئے شہادت حاصل کی۔

اُن کی بہادری اور عظیم قربانی کے اعتراف میں بھارتی حکومت نے انہیں بعد ازمرگ مہاویر چکر سے نوازا۔ اُن کے 2 ساتھیوں، سب انسپکٹر اقبال سنگھ اور کانسٹیبل رام سنگھ، کو بھی اُن کی غیر معمولی شجاعت اور فرائض کے تئیں اُن کی لگن کیلیے، سینا میڈل سے نوازا گیا۔

قوم انہیں اور اُن کے ساتھیوں کو سلام کرتی ہے، جنہوں نے مادرِ وطن کی حفاظت کیلیے بہادری کا مظاہرہ کیا۔

راجیش بالی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیے میں

..................

Cricket - Ind - SA  T20

مردوں کے کرکٹ میں، بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان دوسرا ٹی-ٹوئنٹی میچ آج نیو چنڈی گڑھ کے Mullanpur میں مہاراجہ Yadavindra سنگھ بین الاقوامی کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ یہ میچ شام سات بجے شروع ہوگا۔

Mullanpur میں یہ مردوں کا پہلا بین الاقوامی  کرکٹ میچ ہوگا۔ سوریہ کمار یادو کی زیر کمان بھارتی ٹیم کو پانچ میچوں کی سیریز میں ایک-صفر کی سبقت حاصل ہے۔ بھارت نے منگل کے روز کھیلے گئے پہلے میچ میں، جنوبی افریقہ کو کراری شکست دی تھی۔

سرکردہ آل راؤنڈر ہارِدِک پانڈیا کے واپس آنے سے بھارتی ٹیم اور بھی مضبوط ہو گئی ہے۔ نائب کپتان شُبھ من گِل بھی ٹیم میں واپس آ گئے ہیں۔×

Hockey Final Match

مردوں کے FIH جونیئر ہاکی عالمی کپ کے فائنل میں، دفاعی چیمپئن جرمنی نے آٹھویں مرتبہ خطاب اپنے نام کیا۔ اُس نے کل دیر رات چنئی میں کھیلے گئے مقابلے میں، مقررہ وقت میں ایک-ایک کی برابری پر میچ ختم ہونے کے بعد شُوٹ آؤٹ میں اسپین کو تین-دو سے شکست دی۔

اس سے قبل کل میزبان بھارت نے ارجنٹینا کو چار-دو سے ہرا کر کانسے کا تمغہ جیتا۔

بیلجیم نے نیدرلینڈس کو شُوٹ آؤٹ میں چار-تین سے ہرا کر ٹورنامنٹ میں پانچواں مقام حاصل کیا۔×

FIFA - E World Cup

سعودی عرب کے ریاض میں کل کھیلے گئے FIFAe عالمی کپ 2025 کے e-Football موبائل مقابلے میں، ٹورنامنٹ کے پہلے دن بھارت گروپ-B میں سر فہرست رہا۔

بھارت کی نمائندگی کرنے والے دانیال پٹیل پہلے دن ناقابل تسخیر رہے۔ انہوں نے 5 میچوں میں سے 3 میں جیت حاصل کی اور دو ڈرا کھیلے۔ انہوں نے مراکش کے خلاف ایک-ایک سے ڈرا کھیلا، اِس کے بعد یونان کو دو-ایک، ترکیہ کو ایک-صفر اور جاپان کو تین-ایک سے ہرا کر مسلسل تین مرتبہ جیت حاصل کی۔ انہوں نے کولمبیا کے خلاف ایک-ایک سے ڈرا بھی کھیلا۔

آج دوسرے دن بھی بھارت کا مقابلہ انہی ٹیموں سے ہوگا۔ یہ مقابلے بھارتی وقت کے مطابق رات 8 بجے کھیلے جائیں گے۔

بھارتی فٹبال کے آفیشل یوٹیوب چینل سے سبھی میچوں کو لائیو نشر کیا جائے گا۔×

IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے نے، ملک کے وسطی، مشرقی اور شمالی جزیرہ نما خطّے میں اس ہفتے کے آخر تک سردی کا زور جاری رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ مغربی مدھیہ پردیش، وِدربھ اور چھتیس گڑھ کے بعض حصوں میں آج اور کل سردی کی شدّت برقرار رہنے کا امکان ہے۔ مہاراشٹر میں اگلے تین دن کے دوران کم از کم درجۂ حرارت میں رفتہ رفتہ دو سے لے کر تین ڈگری سیلسئس تک گراوٹ آنے کی پیشگوئی بھی کی گئی ہے۔

اِدھر دلّی قومی راجدھانی خطّے میں ہوا کی کوالٹی اب بھی خراب کے زمرے میں ہے۔ فضائی آلودگی پر کنٹرول سے متعلق بورڈ کے مطابق قومی راجدھانی میں ہوا کی کوالٹی کا اوسط اشاریہ آج صبح چھ بجے 282 ریکارڈ کیا گیا۔ ×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: فہیم احمد

شکریہ - نیتیکا

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے تقریباً سبھی اردو اخبارات نے انتخابی اصلاحات پر لوک سبھا میں بحث کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔

اخبار پرتاپ نے وزیر داخلہ امت شاہ کے اُس بیان کو شہ سرخی بنایا ہے کہ SIR کے تعلق سے اپوزیشن لوگوں کو گمراہ کررہی ہے۔ اخبارات نے اٹلی کے نائب وزیر اعظم تاجانی کے بھارت دورے سے متعلق خبر کو نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔

ہندوستان ایکسپریس نے ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو کے لوک سبھا میں دیے گئے اُس بیان کو صفحۂ اول پر جگہ دی کہ امرت بھارت اسٹیشن اسکیم کے تحت ایک ہزار 300 اسٹیشنوں کی تعمیر نو کی جارہی ہے۔

اخبار انقلاب نے الہ آباد ہائی کورٹ کی ہدایت پر تشکیل دی گئی کمیٹی کے اُس فیصلے کو اہمیت دی ہے کہ رعایت کے ساتھ اسکولوں میں ڈیجیٹل حاضری لازمی، ایک گھنٹے کی تاخیر پر اساتذہ کو غیر حاضر نہیں مانا جائیگا۔

اخبارات نے دیوالی کے تہوار کو یونیسکو کے تہذیبی ورثے کی فہرست میں شامل کیے جانے کی خبر کو بھی نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔

اخبارات کی اہم بین الاقوامی خبریں اِس طرح ہیں :

- ☆ آسٹریلیا میں 16 سال سے کم عمر بچوں کے سوشل میڈیا کے استعمال پر پابندی نافذ۔
- ☆ ٹیرف میرا پسندیدہ لفظ بن چکا ہے : ڈونلڈ ٹرمپ کا بیان
- ☆ تھائی لینڈ-کمبوڈیا سرحد پر جھڑپیں شدت اختیار کرگئیں، صورتحال سنگین۔

☆ سوڈانی فوج اور RSF کی لڑائی میں ہزاروں ہلاک اور لاکھوں بے گھر۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے لوک سبھا میں، یہ بات دوہرائی ہے کہ درندازوں کو ملک میں سیاسی قیادت طے کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

2- صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج سے منی پور کے دو دن کے دورے پر رہیں گی۔

3- DGCA نے IndiGo کی پروازیں بڑے پیانے پر منسوخ کیے جانے اور تاخیر ہونے کے تناظر میں گروگرام میں اُس کے کارپوریٹ دفتر میں ایک مخصوص نگرانی ٹیم متعین کی ہے۔

4- بھارت اور ملیشیاء نے دہشت گردی اور ایک دوسرے کے ملک میں جرائم کے خلاف اشتراک کو مستحکم بنانے کے اپنے عہد کو دوہرایا ہے۔

5- امریکہ نے H-1B ویزا درخواست گزاروں کیلئے آن لائن موجودگی کی جانچ کا دائرہ بڑھا دیا ہے۔

6- امریکہ کے فیڈرل ریزرو نے اپنی شرح سود میں ایک چوتھائی فیصد کی کٹوتی کی ہے۔

7- اور مردوں کی کرکٹ میں، بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان دوسرا ٹی ٹوئنٹی میچ آج شام نیو چنڈی گڑھ میں کھیلا جائے گا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-----------------------------------------